دھلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا روزنامہ
Hindustan Express
ہندوستان ایکسپریس
نئی دہلی، ہفتہ، 31 مئی 2025، بمطابق، 03 ذی الحجہ 1446ھ صفحات 8، قیمت: 2 روپے

## حکومت سے اپیل، عیدالاضحیٰ پر انتظامات کیے جائیں: مفتی مکرم



نئی دہلی (فرحان یحییٰ) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ ماہ ذی الحجہ کے پہلے عشرے میں نفلی عبادتوں اور روزوں کا اہتمام کر کے خصوصی طور پر ملت کے لیے دعا کریں انہوں نے کہا کہ ذوالحجہ کا چاند 29 ذوالقعدہ بروز بدھ مسجد فتح پوری میں نمازیوں نے دیکھا عیدالاضحیٰ 7 جون بروز ہفتہ ہوگی۔ مسجد فتح پوری میں عیدالاضحیٰ کی نماز صبح سوا سات بجے ادا کی جائے گی۔ مفتی مکرم نے اپیل کی کہ جو مالک نصاب ہوں وہ ضرور قربانی کریں اور عیدالاضحیٰ کو فلسطینی بھائیوں کے غم میں شریک ہوکر سادگی کے ساتھ منائیں اور ان کے لیے دعا بھی کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ہندوستان ایک سیکولر جمہوری ملک ہے، ہر فرقے کو اپنے مذہبی پروگرام اور عبادت کرنے کا حق دیا گیا ہے جو لوگ عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی میں یا قربانی میں رخنہ اندازی کریں ان کے خلاف حکومت کو موثر اقدامات کرنے چاہئیں کچھ شر پسند قربانی کے جانوروں کے نقل و حرکت میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں ان کے خلاف کاروائی ہونی چاہیے۔ مفتی مکرم نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ مقامی انتظامیہ اور محلہ کے لوگوں کے تعاون کے ساتھ قربانی کو انجام دیں اور ممنوعہ جانور سے اجتناب کریں۔ مفتی مکرم نے علی گڑھ کے گوشت تاجروں کے ساتھ فرقہ پرست عناصر کی غنڈہ گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ گئو رکھشا کے نام پر کئی سالوں سے غنڈہ گردی ہو رہی ہے نام نہاد گئو رکشکوں کے خلاف وزیر اعظم نے بھی غصے کا اظہار کیا تھا یہ غنڈہ گردی بند ہونی چاہیے اگر بھارت کو ترقی یافتہ ملکوں کے درجے تک پہنچانا ہے تو فرقہ پرستی اور مذہب کے نام پر تشدد کو بند کرنا ہوگا یہ بھارت پر کلنک ہے۔

انقلاب
THE INQUILAB
قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)
ت:۵/روپے، ۱۴/صفحات، نئی دہلی، ہفتہ، ۳۱/مئی ۲۰۲۵ء، ۳/ذی الحجہ ۱۴۴۶ھ، جلد نمبر ۱۳، شمارہ ۱۰۴ ab.com | epaper.inquilab.com

# گئو رکشا کے نام پر فرقہ پرستی اور غنڈہ گردی بند ہونی چاہیے: مفتی محمد مکرم



نئی دہلی (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ ماہ ذی الحجہ کے پہلے عشرے میں نفلی عبادتوں اور روزوں کا اہتمام کر کے خصوصی طور پر ملت کے لیے دعاء کریں۔ انہوں نے کہا کہ ذی الحجہ کا چاند ۲۹/ذی القعدہ بروز بدھ مسجد فتح پوری میں نمازیوں نے دیکھا۔ عید الاضحیٰ ۷/جون بروز ہفتہ ہوگی۔ مسجد فتح پوری میں عید الاضحیٰ کی نماز صبح سوا سات بجے ادا کی جائے گی۔ مفتی مکرم نے اپیل کی کہ جو مالک نصاب ہوں وہ ضرور قربانی کریں اور عید الاضحیٰ کو فلسطینی بھائیوں کے غم میں شریک ہو کر سادگی کے ساتھ منائیں اور ان کے لیے دعاء بھی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان ایک سیکولر جمہوری ملک ہے، ہر فرقے کو اپنے مذہبی پروگرام اور عبادت کرنے کا حق دیا گیا ہے، جو لوگ عید الاضحیٰ کی نماز ادا کرنے یا قربانی میں رخنہ اندازی کریں ان کے خلاف حکومت کو موثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ کچھ شر پسند قربانی کے جانوروں کے نقل و حرکت میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ مفتی مکرم نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ مقامی انتظامیہ اور محلہ کے لوگوں کے تعاون کے ساتھ قربانی کو انجام دیں۔ علی گڑھ کے گوشت تاجروں کے ساتھ فرقہ پرست عناصر کی غنڈہ گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمین کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ گئو رکشا کے نام پر کئی سالوں سے غنڈہ گردی ہو رہی ہے۔ نام نہاد گئو رکشکوں کے خلاف وزیر اعظم نے بھی غصے کا اظہار کیا تھا۔ یہ غنڈہ گردی بند ہونی چاہیے۔ اگر ہندوستان کو ترقی یافتہ ملکوں کے درجے تک پہنچانا ہے تو فرقہ پرستی اور مذہب کے نام پر تشدد کو بند کرنا ہوگا۔ یہ ہندوستان پر کلنک ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زخمی گوشت تاجروں کو علاج کے لیے سرکاری طور پر مالی امداد دی جائے اور ان پر جو مقدمے لگائے گئے ہیں وہ واپس لیے جائیں۔ مفتی مکرم نے پانی پت میں فردوس عالم کے قتل کی بھی مذمت کی اور ان کے اہل خانہ کو معاوضہ دیے جانے کا مطالبہ کیا۔

"کوثر و گنگا کو اک مرکز پہ لانے کے لیے ایک نیا سنگم بناؤں گا زمانے کے لیے"

# سچ کی آواز

SACH KI AWAZ • सच की आवाज़

Published from New Delhi & Patna

SATURDAY 31 MAY 2025 • بے باک صحافت کا علمبردار • 03/ذی الحجہ 1446ھ

# عیدالاضحیٰ پر مکمل انتظامات کی حکومت سے اپیل


## فرقہ پرستی اور گئور کشا کے نام پر بند ہونی چاہیے غنڈہ گردی

(پی این این)

نئی دہلی: شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ ماہ ذی الحجہ کے پہلے عشرے میں نفلی عبادتوں اور روزوں کا اہتمام کر کے خصوصی طور پر ملت کے لیے دعا کریں۔

انہوں نے کہا کہ ذوالحجہ کا چاند 29 ذوالقعدہ بروز بدھ مسجد فتح پوری میں نمازیوں نے دیکھا عیدالاضحیٰ 7 جون بروز ہفتہ ہوگی۔ مسجد فتح پوری میں عیدالاضحیٰ کی نماز صبح سوا سات بجے ادا کی جائے گی۔ مفتی مکرم نے اپیل کی کہ جو مالک نصاب ہوں وہ ضرور قربانی کریں اور عیدالاضحیٰ کو فلسطینی بھائیوں کے غم میں شریک ہو کر سادگی کے ساتھ منائیں اور ان کے لیے دعا بھی کریں۔

مفتی مکرم نے کہا کہ ہندوستان ایک سیکولر جمہوری ملک ہے، ہر فرقے کو اپنے




مذہبی پروگرام اور عبادت کرنے کا حق دیا گیا ہے جو لوگ عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی میں یا قربانی میں رخنہ اندازی کریں ان کے خلاف حکومت کو موثر اقدامات کرنے چاہئیں کچھ شرپسند قربانی کے جانوروں کے نقل و حرکت میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں ان کے خلاف کاروائی ہونی چاہیے۔ مفتی مکرم نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ مقامی انتظامیہ اور محلہ کے لوگوں کے تعاون کے ساتھ قربانی کو انجام دیں اور ممنوعہ جانور سے اجتناب کریں۔

مفتی مکرم نے علی گڑھ کے گوشت تاجروں کے ساتھ فرقہ پرست عناصر کی غنڈہ گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ گئور کھشا کے نام پر کئی سالوں سے غنڈہ گردی ہو رہی ہے نام نہاد گئور رکشکوں کے خلاف وزیر اعظم نے بھی غصے کا اظہار کیا تھا یہ غنڈہ گردی بند ہونی چاہیے اگر بھارت کو ترقی یافتہ ملکوں کے درجے تک پہنچانا ہے تو فرقہ پرستی اور مذہب کے نام پر تشدد کو بند کرنا ہوگا یہ بھارت پر کلنک ہے۔ مفتی مکرم نے مطالبہ کیا کہ زخمی گوشت تاجروں کو علاج کے لیے سرکاری طور پر مالی امداد دی جائے اور ان پر جو مقدمے لگائے گئے ہیں وہ واپس لیے جائیں۔ مفتی مکرم نے پانی پت میں فردوس عالم کے قتل کی بھی مذمت کی اور ان کے اہل خانہ کو معاوضہ دیے جانے کا مطالبہ کیا۔

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • اور حیدر آباد سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
Saturday 31 May 2025 یعنی مکمل سچ ہفتہ 1446ھ ذی الحجہ /3 شمارہ نمبر: 9274 :25

# عیدالاضحیٰ پر مکمل انتظامات کیے جائیں: مفتی مکرم



**نئی دہلی (پریس ریلیز)**

شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ ماہ ذی الحجہ کے پہلے عشرے میں نفلی عبادتوں اور روزوں کا اہتمام کر کے خصوصی طور پر ملت کے لیے دعا کریں انہوں نے کہا کہ ذوالحجہ کا چاند 29 ذوالقعدہ بروز بدھ مسجد فتح پوری میں نمازیوں نے دیکھا عیدالاضحیٰ 7 جون بروز ہفتہ ہوگی۔ مسجد فتح پوری میں عید الاضحیٰ کی نماز صبح سوا سات بجے ادا کی جائے گی۔ مفتی مکرم نے اپیل کی کہ جو مالک نصاب ہوں وہ ضرور قربانی کریں اور عیدالاضحیٰ کو فلسطینی بھائیوں کے غم میں شریک ہو کر سادگی کے ساتھ منائیں اور ان کے لیے دعا بھی کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ہندوستان ایک سیکولر جمہوری ملک ہے، ہر فرقے کو اپنے مذہبی پروگرام اور عبادت کرنے کا حق دیا گیا ہے جو لوگ عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی میں یا قربانی میں رخنہ اندازی کریں ان کے خلاف حکومت کو موثر اقدامات کرنے چاہئیں کچھ شرپسند قربانی کے جانوروں کے نقل وحرکت میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ مفتی مکرم نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ مقامی انتظامیہ اور محلّہ کے لوگوں کے تعاون کے ساتھ قربانی کو انجام دیں اور ممنوعہ جانور سے اجتناب کریں۔ انہوں نے عیدالاضحیٰ پر مکمل انتظامات کی اپیل کی۔

ہفتہ، 31 مئی 2025
مطابق، 03 ذی الحجہ 1446ھ
اردو روزنامہ
قومی بھارت
QAUMI BHARAT
سچ کے ساتھ

# حکومت سے اپیل، عیدالاضحیٰ پر مکمل انتظامات کیے جائیں

## فرقہ پرستی اور گئو رکشا کے نام پر غنڈہ گردی بند ہونی چاہیے

نئی دہلی (قومی بھارت) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ ماہ ذی الحجہ کے پہلے عشرے میں نفلی عبادتوں اور روزوں کا اہتمام کر کے خصوصی طور پر ملت کے لیے دعا کریں انہوں نے کہا کہ ذوالحجہ کا چاند 29 ذوالقعدہ بروز بدھ مسجد فتح پوری میں نمازیوں نے دیکھا عیدالاضحیٰ 7 جون بروز ہفتہ ہوگی۔ مسجد فتح پوری میں عیدالاضحیٰ کی نماز صبح سوا سات بجے ادا کی جائے گی۔ مفتی مکرم نے اپیل کی کہ جو مالک نصاب ہوں وہ ضرور قربانی کریں اور عیدالاضحیٰ کو فلسطینی بھائیوں کے غم میں شریک ہو کر سادگی کے ساتھ منائیں اور ان کے لیے دعا بھی کریں۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ہندوستان ایک سیکولر جمہوری ملک ہے، ہر فرقے کو اپنے مذہبی پروگرام اور عبادت کرنے کا حق دیا



گیا ہے جو لوگ عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی میں یا قربانی میں رخنہ اندازی کریں ان کے خلاف حکومت کو موثر اقدامات کرنے چاہئیں کچھ شرپسند قربانی کے جانوروں کے نقل و حرکت میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں ان کے خلاف کاروائی ہونی چاہیے۔ مفتی مکرم نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ مقامی انتظامیہ اور محلہ کے لوگوں کے تعاون کے ساتھ قربانی کو انجام دیں اور ممنوعہ جانور سے اجتناب کریں۔ مفتی مکرم نے علی گڑھ کے گوشت تاجروں کے ساتھ فرقہ پرست عناصر کی غنڈہ گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور ملزمان کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ گئو رکھشا کے نام پر کئی سالوں سے غنڈہ گردی ہو رہی ہے نام نہاد گئو رکشکوں کے خلاف وزیر اعظم نے بھی غصے کا اظہار کیا تھا یہ غنڈہ گردی بند ہونی چاہیے اگر بھارت کو ترقی یافتہ ملکوں کے درجے تک پہنچانا ہے تو فرقہ پرستی اور مذہب کے نام پر تشدد کو بند کرنا ہوگا یہ بھارت پر کلنک ہے۔ مفتی مکرم نے مطالبہ کیا کہ زخمی گوشت تاجروں کو علاج کے لیے سرکاری طور پر مالی امداد دی جائے اور ان پر جو مقدمے لگائے گئے ہیں وہ واپس لیے جائیں۔ مفتی مکرم نے پانی پت میں فردوس عالم کے قتل کی بھی مذمت کی اور ان کے اہل خانہ کو معاوضہ دیے جانے کا مطالبہ کیا۔